احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعرات 6 نومبر 2008ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 6 نومبر 2008ء 7 ذیقعد 1429 ہجری 6 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 254

سیرت رسول کا آئینہ۔ قرآن

سر ولیم میور لکھتے ہیں۔

قرآن کی یہ خصوصیت اس قدر اہم ہے کہ اس میں کسی مبالغہ کی گنجائش نہیں۔ اس خصوصیت کی وجہ سے محمدؐ کی سیرت وسوانح اور آغاز اسلام کی تاریخ کے لئے قرآن ایک بنیادی چیز قرار پاتا ہے جس سے ان ہر دو کے متعلق تمام تحقیق طلب امور کو پوری صحت کے ساتھ جانچا جا سکتا ہے۔ قرآن شریف میں ہمیں وہ ذخیرہ میسر ہے جس میں محمدؐ کے الفاظ خود آپؐ کی زندگی میں محفوظ کر لئے گئے تھے اور یہ ریکارڈ آپؐ کی زندگی کے ہر حصہ سے یعنی آپؐ کے مذہبی خیالات سے آپؐ کے پبلک افعال سے آپؐ کی خانگی سیرت سے یکساں تعلق رکھتا ہے..... حقیقۃً محمد کی سیرت کیلئے قرآن ایک ایسا سچا آئینہ ہے کہ اسلام کے سارے ابتدائی زمانہ میں یہ بات بطور ایک مثل اور کہاوت کے مشہور تھی کہ محمد ﷺ کی ساری سیرت قرآن میں ہے۔ (لائف آف محمد دیباچہ صفحہ 84-85)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ قرآن اور رسول ایک نور ہے جو تمہاری طرف آیا یہ کتاب ہر یک حقیقت کو بیان کرنے والی ہے خدا اس کے ساتھ ان لوگوں کو سلامتی کی راہ دکھلاتا ہے جو خدا تعالیٰ کی مرضی کی پیروی کرتے ہیں اور وہ ان کو ظلمات سے نور کی طرف نکالتا ہے اور سیدھی راہ جو اس تک پہنچتی ہے ان کو دکھلاتا ہے۔ وہی خدا ہے جس نے اپنے رسول کو اس ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا ہے تا اس دین کو تمام دینوں پر غالب کرے۔ اے لوگو! قرآن ایک برہان ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے تم کو ملی ہے اور ایک کھلا کھلا نور ہے جو تمہاری طرف اتارا گیا ہے۔ آج تمہارے لئے دین کامل کیا گیا اور تم پر سب نعمتیں پوری کی گئیں اور میری رضامندی اس میں محدود ہوگئی کہ تم دین .... پر قائم ہو جاؤ۔ خدا نے نہایت کامل اور پسندیدہ کلام تمہاری طرف اتارا اس کتاب میں یہ خاصیت ہے کہ یہ کتاب متشابہ ہے یعنی اسکی تعلیمات نہ باہم اختلاف رکھتی ہیں اور نہ خدا تعالیٰ کے قانون قدرت سے منافی ہیں بلکہ جو کمال انسان کے لئے اس کی فطرت اور اس کے قویٰ کے لحاظ سے ضروری ہے اسی کمال کے مناسب حال اس کتاب کی تعلیم ہے.......... قرآن کریم اخلاقی تعلیم میں قانون قدرت کے قدم بہ قدم چلا ہے۔ رحم کی جگہ جہاں تک قانون قدرت اجازت دیتا ہے رحم ہے اور قہر اور سزا کی جگہ اسی اصول کے لحاظ سے قہر اور سزا اور اپنی اندرونی اور بیرونی تعلیم میں ہر یک پہلو سے کامل ہے اور اس کی تعلیمات نہایت درجہ کے اعتدال پر واقعہ ہیں جو انسانیت کے سارے درخت کی آبپاشی کرتی ہیں نہ کسی ایک شاخ کی۔ اور تمام قویٰ کی مربی ہیں نہ کسی ایک قوت کی اور در حقیقت اسی اعتدال اور موزونیت کی طرف اشارہ ہے جو فرمایا ہے۔ کتاباً متشابھاً (الزمر: 24)

(کرامات الصادقین، روحانی خزائن جلد 7 ص 56 تا 58)

اعزاز

۞ مکرم عبدالماجد خاں امجد صاحب سابق امیر ضلع ڈیرہ غازی خان تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بھائی مکرم پروفیسر عبدالباسط صاحب کے دو طلباء نے ڈیرہ غازی خان بورڈ آف ایجوکیشن میں ایف ایس سی پری میڈیکل گروپ 2006ء تا 2008ء میں فرسٹ او رتھرڈ پوزیشن حاصل کی ہے جبکہ ایک طالب علم پورے پنجاب میں دوسرے نمبر پر آیا ہے۔ اس کامیابی پر پروفیسر صاحب کو وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے نقد انعام مبلغ 14 ہزار 285 روپے اور کالج کی طرف سے تعریفی سند عطا کی گئی ہے۔ پروفیسر صاحب موصوف آجکل تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں صدر شعبہ انگریزی ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی مزید ترقی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

ماہر امراض معدہ وجگر کی آمد

۞ مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ و جگر مورخہ 9 نومبر 2008ء کو بوقت 10:00 بجے صبح ایڈمنسٹریشن بلاک فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لا رہے ہیں۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور قبل از وقت پرچی روم سے رابطہ کر کے پرچی بنوالیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ماہر نفسیات کی آمد

۞ مکرمہ ڈاکٹر فریدہ یوسف صاحبہ ماہر نفسیات یوکے سے تشریف لا رہی ہیں اور وہ مورخہ 13 تا 25 نومبر 2008ء فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گی۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

AACP ربوہ چیپٹر کا تیسرا سالانہ کنونشن 2008ء

خدا تعالیٰ کے فضل سے ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز ربوہ چیپٹر کو صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی کے مبارک سال میں اپنا تیسرا سالانہ کنونشن مورخہ 19۔اکتوبر 2008ء کو مجلس انصاراللہ پاکستان کے ہال میں منعقد کرنے کی توفیق حاصل ہوئی۔ جس میں ربوہ بھر سے 200 سے زائد ممبران و مہمانان خواتین وحضرات نے شرکت کی۔ اس کنونشن کے پہلے سیشن کے مہمان خصوصی مکرم چوہدری اللہ بخش صادق صاحب صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ تھے۔

تلاوت قرآن کریم سے باقاعدہ آغاز ہوا۔ سالانہ رپورٹ مکرم قمر شیراز صاحب صدر AACP ربوہ مجلس نے پیش کی۔ جس میں انہوں نے AACP ربوہ کے تحت سال بھر میں ہونے والے کاموں کی تفصیل بیان کی۔ انہوں نے بتایا اس سال ربوہ مجلس کے ممبرز کی تعداد 240 ہوگئی جو گزشتہ سال سے تقریباً تین گنا ہے۔ 2008ء میں چار سیمینارز منعقد کئے گئے جن میں مجموعی طور پر 328 مرد وخواتین نے شرکت کی ان سیمینارز کے عناوین، مائیکرو سافٹ آفس کے چار اہم ٹولز، مائیکرو سافٹ ایکسل، ایکسس، ورڈ، پاور پوائنٹ اور آئی ٹی مینجمنٹ تھے۔ دوران سال دو کامیاب ورکشاپس ویب ڈیزائننگ اور ویب ڈویلپمنٹ کے موضوعات پر منعقد کی گئیں۔ دونوں ورکشاپس میں کل طلباء کی تعداد 50 تھی۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال ربوہ کے ممبرز اور دیگر احباب کے لئے ہیلپ ڈیسک کا قیام عمل میں لایا گیا تا کہ کمپیوٹر سے متعلقہ روزمرہ کے مسائل سے دوچار احباب کی راہنمائی کی جاسکے۔ کیرئیر پلاننگ کے تحت میٹرک اور ایف اے کے بعد جو طلباء آئی ٹی کی فیلڈ میں دلچسپی رکھتے تھے اور آئی ٹی کے حوالے سے یونیورسٹیز یا کورسز کے حوالے سے انفارمیشن چاہتے تھے۔ انہیں مطلوبہ معلومات مہیا کی گئیں ربوہ مجلس کے میلنگ گروپ پر دوران سال بہت جابز پوسٹ کی گئیں جن میں آئی ٹی کے شعبہ سے متعلقہ تمام قسم کی جابز تھیں۔ اس سلسلہ میں مختلف کمپنیز سے رابطہ کر کے چھ احباب کو دوران سال باقاعدہ ملازمت دلوائی گئی۔

رپورٹ کے بعد مکرم مہمان خصوصی نے خطاب کیا جس میں انہوں نے حصول علم اور جماعت کی خدمت کے موضوعات پر نصائح کیں۔ اس کنونشن کی پہلی پریزینٹیشن ونڈوز وسٹا (Vista) کے موضوع پر مکرم ناصر احمد صاحب پروفیسر آئی ٹی جامعہ نصرت ربوہ کی تھی جس میں انہوں نے ونڈوز ویسٹا کی خصوصیات، ایکس پی کے مقابلے میں نئے فیچرز اور نئی سہولیات کے بارہ میں آگاہ کیا۔ دوسری پریزینٹیشن وائی فائی وائی۔ میکس (Wifi-Wimax) کے موضوع پر مکرم عطاء الغالب صاحب الیکٹریکل انجینئر لاہور نے دی۔ انہوں نے اپنے لیکچر میں وائرلیس انٹرنیٹ کی جدید ٹیکنالوجی وائی فائی اور وائی میکس کا تعارف خصوصیات، انفرادیت اور اس کے کام کا طریق اور پاکستان میں اس کے مستقبل کے موضوعات پر سیر حاصل روشنی ڈالی۔

چائے اور ریفریشمنٹ کے وقفہ کے بعد پروگرامنگ ٹیکنیکس اور ٹولز کے موضوع پر مکرم عبدالباری صاحب انچارج کمپیوٹر سیکشن وقف جدید نے پریزینٹیشن دی جس میں انہوں نے بتایا کہ پروگرامنگ کرنے کے لئے بنیادی طور پر کن باتوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ پروگرامنگ کے بنیادی اصول اور ٹولز کا تعارف بھی پیش کیا۔ صد سالہ خلافت جوبلی کے حوالے سے مکرم جمیل انور صاحب مربی سلسلہ نے خلافت تمکنت دین کا ذریعہ کے موضوع پر لیکچر دیا جس میں انہوں نے خلفاء احمدیت کے دور میں جماعت کی ترقی وتمکنت کا مختصر خاکہ پیش کیا۔

اس کنونشن کے دوسرے سیشن کے مہمان خصوصی مکرم ڈاکٹر سید غلام احمد فرخ صاحب چیئرمین AACP پاکستان تھے۔ انہوں نے پریزینٹیشن اور لیکچر دینے والے احباب اور بعض مہمانان میں شیلڈز تقسیم کیں۔ مختصر خطاب کیا اور دعا کرائی نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کے بعد مہمانان اور جملہ ممبران کی خدمت میں ظہرانہ دیا گیا۔ اس کنونشن کے موقع پر ادارہ جات کمپیوٹر ورلڈ اور عمران کمپیوٹرز نے سٹالز لگائے اور تمام ہارڈ ویئر پر دس فیصد رعایت کی تھی۔ یہ کامیاب پروگرام 3 بجے بعد دوپہر اختتام پذیر ہوا۔

(رپورٹ: ایف۔شمس)

ولادت

مکرمہ طاہرہ خان صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ فیکٹری ایریا احمد ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

میرے بھائی مکرم آصف خان صاحب و بھابھی مکرمہ ارم خان صاحبہ ٹورانٹو کینیڈا کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل وکرم سے شادی کے 12 سال بعد اولاد کی نعمت سے نوازتے ہوئے مورخہ 26/اکتوبر 2008ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے بچے کا نام ایحان خان رکھا گیا ہے جو وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ نومولود مکرم رشید احمد خان صاحب سانگھڑ حال کینیڈا کا پوتا اور مکرم غلام احمد خان ظہور صاحب فیکٹری ایریا کا نواسہ ہے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ بچے کو صحت وسلامتی والی لمبی زندگی دے۔ دونوں خاندانوں کیلئے آنکھوں کی ٹھنڈک، خیر وبرکت کا باعث نیک اور خادم دین بنائے۔ آمین

مگر کب تک!

ادھر ہے اوج پہ رقصِ خزاں مگر کب تک!
ادھر ہے آہ بہ لب باغباں، مگر کب تک!

سوال سننا ضروری جواب دینا گناہ
مرے لئے ہے یہ حکمِ شہاں، مگر کب تک

عروج پہ ہیں تغافل شعاریاں ان کی
جدا رہیں گے مکین و مکاں مگر کب تک

ہماری آنکھ کے تارو قفس نشیں پیارو
عیارِ عدل ہے سود و زیاں، مگر کب تک

بتانِ جور کے سر پر تھا ہے وقتِ نزع
سوادِ جبر میں ان کی اماں، مگر کب تک

ہے میرے واسطے پھر طورِ سین چشم براہ
طویل تر تو ہوئی این و آں، مگر کب تک

ترے عذاب میں ان کا ثواب ہے محمودؔ
ترے لہو میں ہے ان کی جِتاں مگر کب تک

مبشر احمد محمودؔ

درخواست دعا

مکرم منیر احمد چوہدری صاحب دارالصدر شمالی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے بہنوئی مکرم چوہدری عبدالسمیع صاحب ولد مکرم چوہدری نعمت علی صاحب مرحوم آف لیہ مقیم لندن گردوں میں شدید تکلیف کی وجہ سے بیمار ہیں۔ ہسپتال میں داخل ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں کامل شفایابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

درخواست دعا

مکرم شریف احمد صاحب دارالعلوم شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کا بائی پاس آپریشن 8 نومبر 2008ء کو طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں متوقع ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے نیز بعد کی تمام پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

ث۔حمید

سلسلہ کے مخلص خادم اور میرے والد

مکرم ڈاکٹر چوہدری محمد نواز صاحب سابق امیر ضلع اوکاڑہ

میرے والد محترم ڈاکٹر چوہدری محمد نواز صاحب سابقہ امیر ضلع اوکاڑہ کچھ عرصہ علیل رہنے کے بعد مورخہ 27 مئی 2008 صبح 6 بجے لندن میں اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ میرے والد محترم 1936 میں محترم چوہدری بشیر احمد بھٹلر صاحب کے گھر موضع للیانی (موجودہ نام مصطفیٰ آباد) میں پیدا ہوئے، جو کہ لاہور سے قصور جاتے ہوئے مین روڈ پر واقع ہے۔ آپ کی والدہ کا نام فاطمہ بی بی تھا۔ آپ کے والد یعنی میرے دادا چوہدری بشیر احمد صاحب جو کہ چار بھائیوں میں سے دوسرے نمبر پر تھے پولیس میں بطور حوالدار ملازم تھے اور اسی سلسلہ میں وہ مختلف جگہوں پر تعینات رہے۔ ریٹائرمنٹ کے وقت وہ لاہور میں تعینات تھے۔ آپ کے دادا جان محترم چوہدری صمند خان صاحب للیانی (مصطفیٰ آباد) کے ایک رئیس خاندان سے تھے اور گاؤں کی پنچائت کے باقاعدہ ممبر تھے۔ وہ اپنی شرافت، دیانتداری اور لیاقت کی وجہ سے علاقہ میں قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ آزادئ پاکستان کے وقت آپ کو ایک بھاری مالیت کا خزانہ ملا جسے آپ نے فوری طور پر حکومت پاکستان کے سپرد کر دیا۔ میرے والد صاحب کل چار بہن بھائیوں میں سے سب سے بڑے تھے۔ آپ نے اپنی ابتدائی تعلیم للیانی میں حاصل کی ایف۔اے کرنے کے بعد ڈسپنسر کا امتحان پاس کیا اور بطور ڈسپنسر قصور کے مختلف دیہات مثلاً موضع ہلہ۔ بھوئے آسل۔ سہجرا۔ فتح پور اور جوڑا وغیرہ میں سرکاری ملازمت کی۔ کیونکہ اس زمانے میں ڈسپنسر ہی دیہاتی ڈسپنسریوں کا انچارج ہوا کرتا تھا اسلئے انچارج ہونے کی وجہ سے آپ کا حلقہ احباب کافی وسیع ہوگیا۔ اور یہی آگے چل کر آپ کے قبول احمدیت کا موجب بنا۔ آپ کی پہلی شادی 1958 میں چوہدری محمد علی سندھو صاحب موضع بڑھانہ نزد لاہور کی بڑی صاحبزادی محترمہ ثریا بیگم صاحبہ سے ہوئی۔ ہماری پہلی والدہ اعلیٰ خاندانی عادات کی مالک نہایت کم گو اور مخلص خاتون ہیں۔

قبول احمدیت

محترم والد صاحب کو شروع ہی سے دین سے لگاؤ اور مطالعہ کا شوق تھا۔ اور اکثر کوئی نہ کوئی کتاب آپ کے زیرِ مطالعہ رہتی تھی۔ جب آپ بطور ڈسپنسر فتح پور نزد قصور ملازم تھے تو وہاں پر محترم چوہدری حبیب اللہ صاحب سیال شہید اور چوہدری امان اللہ سیال صاحب جن کا تعلق حضرت چوہدری فتح محمد صاحب سیال رفیق حضرت مسیح موعود کی فیملی سے ہے کے ذریعہ آپ کو جماعت کا تعارف ہوا۔ آپ نے جماعتی لٹریچر کا مطالعہ شروع کر دیا۔ اور اس طرح حقیقت کو پانے کی جستجو شروع ہوگئی۔ ان دونوں بزرگوں سے اکثر مختلف مواقع پر ملاقات ہوتی رہتی اور دینی مسائل پر گفت و شنید جاری رہتی۔ اسی دوران آپ کو حضرت مسیح موعود کی مختلف کتابیں پڑھنے کا بھی موقع ملا۔ ان کتب کے مطالعہ نے آپ پر حیرت انگیز اثر کیا اور آپ ایک کشمکش میں مبتلا ہوگئے کہ یہ الفاظ کسی جھوٹے کے نہیں ہو سکتے لیکن دوسری طرف غیر احمدیوں سے بہت کچھ غلط بھی سنا ہوا تھا۔ چنانچہ آپ نے دعا شروع کر دی کہ مولا کریم میری رہنمائی فرما اور مجھے صراط مستقیم پر چلا۔

محترم والد صاحب فرماتے ہیں کہ ان دنوں ایک دن خواب سے میرے تمام شکوک وشبہات دور ہو گئے۔

والد صاحب فرماتے ہیں کہ اگلے دن میں نے اس خواب کا ذکر قصور کے صدر جماعت محترم شیخ محمد اسلم صاحب سے کیا اور ساتھ ہی بیعت فارم پر کرنے کا ارادہ ظاہر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سوچ لیں کل آپ کا بیعت فارم پر کر لیں گے۔ چنانچہ میں شام کو گھر آ گیا۔ اگلے دن صبح نماز فجر کے وقت باہر دروازہ پر کسی نے دستک دی میں حیران تھا کہ اس وقت کون آ گیا ہے۔ دروازہ کھولا تو دیکھا کہ محترم شیخ محمد اسلم صاحب صاحب قصور سے سفر کر کے ہمارے گھر (فتح پور) تشریف لائے ہیں۔ شیخ صاحب نے مجھے مخاطب ہو کر کہا کہ میں نے ساری رات بڑی بے چینی سے گزاری ہے کہ آپ نے رات کو بیعت کا ارادہ ظاہر کیا اور میں نے صبح فارم پر کرنے کو کہہ دیا۔ بعد میں مجھے خیال آتا رہا کہ اللہ تعالیٰ نے پکا ہوا پھل میرے پاس بھیجا اور میں نے اسے جانے دیا۔ زندگی کا کیا بھروسہ۔ اس لئے صبح پہلی بس سے ہی قصور سے آپ کے پاس آ گیا ہوں یہ لیں فارم اور پر کر لیں۔ اس طرح میں فارم پر کر کے جماعت میں باقاعدہ داخل ہو گیا۔ آپ اپنے خاندان میں پہلے احمدی تھے۔ اس لئے جب خاندان والوں کو معلوم ہوا کہ آپ احمدی ہوگئے ہیں تو انہوں نے مخالفت کا ایک طوفان کھڑا کر دیا اور انہوں نے آپ کا مکمل بائیکاٹ کر دیا اور قطع تعلق کر لیا لیکن ان کی تمام کوششیں اور تکالیف آپ کے پائے ثبات میں لغزش پیدا نہ کرسکیں۔ اسی طرح جہاں آپ ملازمت کرتے تھے انہوں نے آپ کا فتح پور تبادلہ کروا دیا اور مختلف طریقوں سے تنگ کرنا شروع کر دیا۔ لیکن آپ نے اس کی کچھ بھی پرواہ نہیں کی اور ملازمت سے استعفیٰ دے دیا۔

قبول احمدیت کے بعد آپ نے اپنے خاندان والوں کو باوجود مخالفت اور لعن طعن کے دعوت الی اللہ شروع کر دی۔ آپ کے چچا چوہدری محمد صدیق صاحب جو کہ مذہبی لگاؤ رکھتے تھے نے آپ کو گالیاں وغیرہ بھی دیں۔ آپ نے ان سے کہا کہ مخالفت بے شک کریں مگر گالیاں نہ دیں اور اس کی بجائے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ خود آپ کی رہنمائی فرمائے گا۔ کیونکہ وہ نیک نیت تھے اس لئے انہوں نے دعا شروع کر دی۔ آپ بھی ان کے لئے دعا کیا کرتے تھے۔ چنانچہ چند دنوں بعد آپ کے چچا جان نے خواب میں دیکھا کہ وہ ایک نہر کے ایک کنارہ پر جا رہے ہیں اور جس کنارہ پر وہ جا رہے ہیں وہ انتہائی دشوار گزار اور خطرناک ہے اور خطرہ ہے کہ کسی بھی وقت کوئی جنگلی جانور حملہ کر دے۔ راستے میں انہیں ایک بزرگ ملتے ہیں اور کہتے ہیں کہ دوسرے کنارے پر چلے جاؤ وہ زیادہ محفوظ اور اچھا ہے۔ چنانچہ اس بزرگ کے کہنے پر وہ دوسرے کنارے پر چلے جاتے ہیں۔ جو کہ نہایت خوبصورت اور پھولوں کی کیاریوں سے سجا ہوا ہے۔ اور اس بزرگ کے بہت احسان مند ہوتے ہیں کہ اس نے بہتر اور اچھے راستے کی رہنمائی کی ہے۔ اسی راستہ میں انکی ملاقات محترم والد صاحب سے ہوتی ہے۔ اس خواب سے والد صاحب کے چچا جان کو شرح صدر ہوگئی اور وہ بیعت کر کے جماعت میں شامل ہو گئے۔

کیونکہ ان کی بیعت آپ کی دعوت الی اللہ کے نتیجہ میں فوری اور مخالفت کے باوجود ہوئی تھی اس لئے وہ محترم والد صاحب کے لئے تقویت ایمان کا موجب بنی۔ اسی طرح ہماری پھوپھو جان جنہیں والد صاحب اکثر دعوت الی اللہ کیا کرتے تھے۔ یہ واقعہ نسبتاً بعد کا ہے ایک مرتبہ وہ ہمارے گھر آئیں تو حضرت مسیح موعود کی تصویر کسی رسالہ پر دیکھی تو پوچھا کہ یہ کون ہیں۔ والد صاحب نے فرمایا کہ یہ حضرت مرزا غلام احمد ہیں جنھوں نے امام مہدی کا بھی دعویٰ کیا ہے اور میں نے انہی کی بیعت کی ہے۔ میری پھوپھو نے کہا کہ یہ بزرگ تو میں نے خواب میں دیکھے ہیں۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک ہجوم کہیں جا رہا ہے میں پوچھتی ہوں کہ یہ سب لوگ کہاں جا رہے ہیں تو کوئی کہتا ہے امام مہدی آئے ہیں یہ سب لوگ ان کا دیدار کرنے جا رہے ہیں۔ میں بھی ساتھ شامل ہو جاتی ہوں پھر میں نے وہاں یہی بزرگ دیکھے جن کی فوٹو اس رسالہ میں موجود ہے جو کہ امام مہدی تھے۔ چنانچہ پھوپھو جان بھی ایمان لے آئی ہیں اور اس طرح خاندان کا ایک اور فرد احمدیت کی آغوش میں آ گیا۔

جماعتی خدمات

1971 میں آپ موضع حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ میں شفٹ ہو گئے اور وہاں پر آپ نے بحیثیت صدر جماعت جماعتی خدمات کا آغاز کیا۔ اس کے بعد پھر آپ نائب امیر ضلع اوکاڑہ اور پھر 1984ء میں امیر ضلع اوکاڑہ منتخب ہوئے۔ انتخاب سے ایک دن قبل آپ نے رات کو خواب میں دیکھا کہ نام کے ساتھ مخدوم محمد نواز لکھا ہوا ہے۔ 1984 کا سال جماعت کے لئے حکومت کے آرڈیننس اور پھر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی انگلستان ہجرت کے لحاظ سے بڑا مشکل سال تھا۔ جماعت بظاہر کسمپرسی کا شکار تھی۔ آپ نے بحیثیت امیر ضلع اس نازک موقع پر احباب جماعت کو حوصلہ دیا اور ہر مشکل سے نمٹنے کے لئے تیار کیا اور احباب جماعت نے نہایت صبر اور حوصلے کیساتھ وہ کٹھن وقت گزارا۔ ابتلاء کے اس دور میں پاکستان بھر میں بہت سے احمدیوں پر جھوٹے مقدمات توہین رسالت کے سلسلہ میں بنائے گئے۔ اوکاڑہ میں بھی احباب جماعت کو ان جھوٹے مقدمات کا سامنا کرنا پڑا اور احباب جماعت کو اسیر بھی کیا گیا۔ آپ ہر موقع پر اسیران راہ مولیٰ کی دل جوئی کرتے اور ان کا حوصلہ بڑھاتے اور ان کی ہر ضرورت کو پورا کرنے کی کوشش کرتے۔ آپ نے جماعتوں کے دورہ جات کر کے انہیں منظّم کیا اور دعوت الی اللہ کے کام کو مزید تیز کیا۔ آپ کے دور امارت میں ضلع اوکاڑہ نے ہر جہت میں ترقی کی۔ 1987 میں آپ کو محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ سالانہ انگلستان میں شمولیت کی توفیق ملی۔ اس موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سے شرف ملاقات بھی ملا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا اچھا آپ محمد نواز صاحب ہیں آپ نے تو ماشاء اللہ بہت اچھا کام سنبھالا ہوا ہے۔

پیارے آقا کا اپنے ادنیٰ خادم کی حقیر سی مساعی کے نتیجہ میں اس قدر حوصلہ افزائی کرنا یقیناً حضور کی اپنے خادموں سے محبت کو عیاں کرتا ہے۔ 1984 کے آرڈیننس کے تحت جماعت کے مرکزی جلسہ پر بھی پابندی لگا دی گئی۔ چنانچہ مرکزی ہدایت کے مطابق اضلاع نے مقامی طور پر اپنے اپنے جلسے کرنے شروع کئے۔ ضلع اوکاڑہ میں محترم والد صاحب نے احباب جماعت کے مشورہ اور مرکز کی منظوری سے موضع سنتو کھ داس میں 1986 میں ضلع اوکاڑہ کا پہلا جلسہ منعقد کروایا جس کے لئے محترم والد صاحب اور احباب جماعت نے بہت محنت کی۔ اس پہلے جلسے میں 75 احباب وخواتین نے شرکت کی۔ چونکہ ان دنوں حالات مخالفت کی وجہ سے سازگار نہیں تھے اس لئے ایسی جگہ کا انتخاب کیا گیا تھا جو کہ اپنی ملکیت ہو۔ تاکہ کوئی انتظامی رکاوٹ راستہ میں حائل نہ ہو۔ چنانچہ موضع سنتو کھ داس میں اپنی زمینوں پہ جلسہ کرنے کا پروگرام بنایا گیا۔ وہاں پر نہ تو کوئی بجلی اور نہ دوسری ہی کوئی سہولت تھی لیکن مسیح موعود کے دیوانوں نے وہاں جنگل میں منگل کر دیا اور باقاعدہ کمیٹی بنا کر ہر چیز کا بندوبست کیا۔ یہ جلسہ دو دن ہوا کرتا تھا۔ اور نہ صرف ضلع اوکاڑہ سے احباب وخواتین اس میں شرکت کے لئے بڑے ذوق وشوق سے آیا کرتے تھے بلکہ آس پاس کے اضلاع کے احمدی احباب وخواتین بھی اس میں شامل ہو کر اپنی روحانی اور علمی پیاس بجھایا کرتے تھے۔ شروع میں تو محترم والد صاحب اپنی جیب سے

ہی ان جلسوں کا انتظام کرتے رہے اور پھر باقاعدہ جماعتی طور پر بجٹ مہیا ہوگیا اور یہ کامیاب جلسے بڑی شان کے ساتھ اس غیر آباد جگہ میں منعقد ہوتے رہے۔ مخالفین کو یوں مومنین کا اکٹھا ہونا ایک نظر بھی نہیں بھاتا تھا۔ 1998ء میں جب اس جلسہ پر پابندی لگائی گئی اس کی حاضری اللہ تعالیٰ کے فضل سے 1100 سے زائد ہو چکی تھی۔

محترم والد صاحب بڑی پر اثر تقریر کیا کرتے تھے۔ آپ کی تقریر اکثر واقعات سے مزین ہوا کرتی تھی اور مختصر وقت میں سامعین کو مقررہ موضوع پر بھرپور معلومات دیا کرتے تھے۔ جب آپ امیر ضلع اوکاڑہ تھے تو مرکزی ہدایت کے مطابق باہر کے اضلاع میں جا کر احباب جماعت کو تربیتی امور کی طرف توجہ دلایا کرتے تھے۔ محترم والد صاحب نے حویلی لکھا میں اپنی ایک علیحدہ ڈسپنسری کھول لی اور اس طرح علاج معالجہ کا سلسلہ شروع کیا۔ حویلی لکھا میں آپ اکیلے ہی احمدی تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھ میں غیر معمولی شفا رکھی تھی اور لوگ دور دور سے آپ کے پاس علاج کے لئے آیا کرتے تھے۔ آپ خدمت خلق کے جذبہ سے پر بڑی توجہ اور پیار کے ساتھ مریضوں کا علاج کیا کرتے تھے اور ساتھ دعا بھی کیا کرتے تھے۔ آپ کا اصول تھا کہ اگر کوئی مریض رات نماز عشاء کے بعد آتا تو اس سے فیس نہیں لیا کرتے تھے۔ اسی طرح ایک مریض سے ایک دفعہ فیس لی ہے تو پھر جب تک وہ شفا نہیں پا جاتا تھا اس وقت تک اس کا علاج جاری رکھتے۔ حویلی لکھا میں آپ ایک معروف اور معزز شخصیت کے حامل انسان تھے۔ آپ کی دلی خواہش تھی کہ حویلی لکھا میں جماعت کی ایک بیت یا نماز سنٹر تعمیر ہو جائے۔ چنانچہ اس کے لئے آپ نے ایک پلاٹ بھی خریدا۔

1999ء میں محترم والد صاحب نے موضع حویلی لکھا کے وسط میں ایک پلاٹ خریدا۔ تاکہ وہاں پہ ذاتی مکان کو مزید وسیع کیا جائے اور اس سے نہ صرف ذاتی بلکہ جماعتی ضروریات بھی پوری ہوسکیں۔ جب اس مکان کی تعمیر شروع ہوگئی تو غیر از جماعت نے ہمیں تنگ کرنے اور اس جگہ پر قبضہ کرنے کی غرض سے شور ڈالا بعض غیر احمدیوں نے والد صاحب کو بتایا کہ وہ آپ کو جان سے مارنا چاہتے ہیں آپ یہاں سے بھاگ جائیں۔ لیکن آپ بڑے حوصلے کے ساتھ مکان پر موجود رہے۔ صرف خواتین کو محفوظ جگہ پر منتقل کر دیا گیا تھا۔ جلوس نے رہائشی مکان اور ڈسپنسری جو کہ ابھی تھوڑا عرصہ قبل ہی نئی تعمیر کی گئی تھی نذر آتش کرنی شروع کر دی اور سامان وغیرہ لوٹ لیا اور توڑ پھوڑ شروع کر دی۔

جب جلوس رہائشی مکان تک پہنچ گیا تو چند غیر از جماعت احباب کی مدد سے دیوار پھلانگ کر والد صاحب اور میرے بھائیوں نے ایک پڑوسی کے گھر میں پناہ لی۔ اس وقت والد صاحب نے نہایت صبر اور حوصلے کا مظاہرہ کیا۔ آپ نے میرے دونوں بھائیوں جو کہ 18 اور 23 سال کے تھے کو نصیحت کی کہ اس نازک وقت میں صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا۔ اگر تمہارے سامنے میری یا میرے سامنے تمہاری جان لیں تو شیروں کی طرح حوصلہ دکھاتے ہوئے جان دینی ہے۔ گویا آپ نے خود کو اور اپنے بیٹوں کو اس مشکل وقت میں ہر قربانی کے لئے تیار کیا۔ چنانچہ سہ پہر 4 بجے تک والد صاحب اور میرے بھائیوں نے ادھر ہی وقت گزارا اور پھر مجسٹریٹ آیا اور مسئلہ حل کرنے کے نام پر الٹا والد صاحب اور بھائیوں پر نقص امن کا مقدمہ بنا کر انہیں گرفتار کر کے دیال پور تھانہ لے گیا۔ وہ رات محترم والد صاحب اور بھائیوں نے تھانہ میں اسیری میں کاٹی اور پھر اگلے دن ساہیوال جیل میں بھیج دیا گیا۔ ساہیوال جیل میں انہیں خطرناک مجرموں والی قصوری چکی سات نمبر بلاک میں قید کر دیا گیا۔ یہ جیل کے اندر جیل ہوتی ہے اور عموماً پھانسی کی سزا والوں کو ادھر قید کیا جاتا ہے اور ایک چھوٹی سی کوٹھڑی میں ایک قیدی ہوتا ہے۔ تین دن وہاں رہنے کے بعد نسبتاً اچھی جگہ پر اور پھر B کلاس میں قید کر دیا گیا۔ اسیری کے سارے عرصے کے دوران جماعت ساہیوال کے احباب وخواتین نے محترم والد صاحب اور بھائیوں کی بہت خدمت کی۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو اپنے فضلوں سے نوازے۔ جماعت ساہیوال نے جس پیار ومحبت اور اپنائیت سے ہماری خدمت کی اس کے مقابلہ میں اسیری کی تکالیف کچھ حیثیت نہیں رکھتیں۔ اسی طرح ساری جماعت اور سب سے بڑھ کر پیارے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ہمارے لئے بہت دعائیں کیں جس کے نتیجہ میں محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے محترم والد صاحب اور بھائیوں کو صرف آٹھ دن اسیر رہنے کی سعادت نصیب ہوئی اور اس کے بعد ضمانت پر رہائی ہوئی۔ جیل سے رہائی کے بعد جب ہم ربوہ آئے تو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جو کہ اس وقت ناظر اعلیٰ کے عہدہ پر فائز تھے اور والد صاحب کو پہلے سے جانتے تھے۔ وہ بذات خود حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کے ہمراہ ہمیں ملنے دارالضیافت میں تشریف لائے اور حال احوال پوچھا اور حوصلہ افزائی کی۔ اس کے بعد ہم مختلف رشتہ داروں کے پاس رہائش پذیر رہے۔ پھر بیوت الحمد سکیم کے تحت 2003 میں کوارٹر بیوت الحمد میں رہائش اختیار کی اور پھر ستمبر 2004 میں محترم والد صاحب کا آدھی فیملی کے ساتھ انگلستان آنے کا سبب بن گیا۔ محترم والد صاحب کی یہ دیرینہ خواہش تھی کہ واپس حویلی لکھا جائیں لیکن تقدیر کو یہ منظور نہیں تھا۔ یہاں لندن میں مقیم ہوئے۔ پیارے آقا حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہِ شفقت دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں ڈاک کے شعبہ میں تقرری فرمائی اور آپ تا دمِ آخر وہاں خدمت سرانجام دیتے رہے۔

لندن میں آپ میری بڑی والدہ میرے بھائی انعام اللہ طاہر صاحب اور ان کے بچوں اور میری ہمشیرہ کے ساتھ قیام پذیر تھے۔ اللہ تعالیٰ نے جس طرح آپ کی پریشانیوں کو خلیفہ وقت کی دعاؤں کے طفیل ایک ایک کر کے دور کیا۔ اس کا اکثر ذکر بڑے پیار سے کیا کرتے تھے۔ محترم والد صاحب کو خلافت احمدیہ سے عشق کی حد تک پیار تھا اور پیارے آقا بھی اپنے اس ادنیٰ چاکر کو نوازتے رہتے تھے۔ انگلستان آمد پر ملاقات ہوئی تو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ سے دعا کی درخواست کی کہ کیس وغیرہ کے سلسلے میں پریشانی ہے اور میری بیوی یعنی ہماری چھوٹی والدہ اور بیٹا اپنے بچوں کے ساتھ پاکستان میں ہے۔ حضور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سب ٹھیک کرے گا اور بہت جلد ہی کیس بھی پاس ہوگیا اور مکان بھی مل گیا اور پاکستان میں مقیم فیملی کو ملٹی پل ویزے بھی مل گئے۔ اسی طرح ایک ملاقات کے موقع آپ نے حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں کچھ نذرانہ پیش کیا تو حضور نے فرمایا کہ ڈاکٹر صاحب اس کی کیا ضرورت ہے آپ تو مجھے ویسے ہی یاد رہتے ہیں۔ خلافت احمدیہ سے محبت اور پیار کا تعلق اس وقت بھی نمایاں تھا جب امسال ماہ مارچ میں حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز افریقہ کے دورہ پر تشریف لے گئے تو اسی دوران محترم والد صاحب کی طبیعت کافی خراب ہوگئی اور ہسپتال میں چلے گئے۔ آپ کہتے تھے کہ میرا دل بیٹھا جاتا ہے۔ مولا مجھے مہلت دے دے تاکہ حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس تشریف لے آئیں۔

لندن میں قیام کے دوران آپ کی طبیعت آہستہ آہستہ خراب ہونا شروع ہوگئی۔ پہلے خون کی کمی کی شکایت ہوئی اور ہر ماہ دو یا تین بوتلیں خون آپ کو اضافی لگایا جاتا پھر بیماری اور بڑھ گئی اور آپ مستقل ہسپتال میں شفٹ ہوگئے۔ ڈاکٹروں کو کچھ سمجھ میں نہیں آرہا تھا۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دعا کی غرض سے بیماری کی صورت حال رکھی گئی۔ آپ نے ہومیوپیتھی کی ایک دوائی بھجوائی اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے محترم والد صاحب اس دوائی کے نتیجہ میں صحت یاب ہوگئے اور گھر آگئے۔ صحت آہستہ آہستہ اچھی ہوگئی مگر بیماری نے پھر حملہ کیا اور مستقل ہسپتال میں داخل ہوگئے اور پھر صحت سنبھل نہ سکی اور آپ روز بروز کمزور ہوتے چلے گئے۔ ڈاکٹروں کو کچھ سمجھ میں نہیں آرہا تھا کان میں انفیکشن ہونے کی وجہ سے کافی تکلیف تھی جو آخر وقت تک رہی۔ میں بھی بچوں کے ہمراہ جرمنی سے انہیں ملنے گئی۔ اسی دوران دوبارہ طبیعت زیادہ خراب ہوگئی۔ اور آپ پھر ہسپتال چلے گئے۔ اس مرتبہ حملہ سخت تھا اور آپ کچھ بھی کھا نہیں سکتے تھے جس کی وجہ سے کافی کمزوری ہوگئی تھی۔ پاکستان سے میرا چھوٹا بھائی اکرام اللہ طاہر اور چھوٹی والدہ بھی ملنے آگئے۔ اس آخری وقت میں میری دونوں والداؤں کو اور دونوں بھائیوں کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت خدمت کی توفیق ملی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

والد صاحب کی بہت خواہش تھی کہ صد سالہ خلافت جوبلی کے جلسہ میں وہ شامل ہوں۔ لیکن مئی کے شروع میں ہی وہ ہسپتال داخل ہوگئے اور مئی کے وسط میں طبیعت بہت زیادہ ہی خراب ہونی شروع ہوگئی اور مورخہ 24 مئی کو تو ڈاکٹروں نے جواب دے دیا کہ اب بظاہر زندگی کی کوئی امید نہیں ہے اور یہ دو دن کے اندر اندر اس دار فانی سے کوچ کر جائیں گے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے خلافت جوبلی کے سو سال دیکھنے کی خواہش کو اس رنگ میں پورا کیا کہ مورخہ 27 مئی صبح 6 بجے ان کی وفات ہوئی۔ ڈاکٹر حیران تھے کہ یہ شخص کس مٹی کا بنا ہوا کہ معمول سے ایک دن زائد اس حالت میں زندہ رہا ہے۔

مورخہ 30 مئی بروز جمعۃ المبارک نماز عصر سے قبل بیت فضل لندن میں حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز آپ کی نماز جنازہ ادا کی اور پوری فیملی سے اپنے دفتر میں تعزیت کی اور ہمیں حوصلہ دیا۔ مورخہ یکم جون آپ کا جسد خاکی ربوہ پاکستان لے جایا گیا۔ 2 جون کی صبح لاہور میں ماڈل ٹاؤن بیت الذکر میں مکرم مربی صاحب نے جنازہ پڑھایا اور پھر بعد دوپہر ربوہ بیت مبارک میں نماز جنازہ ہوئی جس میں احباب جماعت کی ایک کثیر تعداد نے شمولیت اختیار کی۔ اس کے بعد بہشتی مقبرہ میں آپ کی تدفین ہوئی۔

محترم والد صاحب خود بھی بڑے شوق سے سلسلہ کی خدمت کیا کرتے تھے اپنی اولاد کو بھی ہر وقت ان کی یہی نصیحت ہوتی تھی کہ جماعت کے ساتھ وابستہ رہیں اور جماعت کی خدمت کیا کریں۔ میرے میاں چوہدری حمید احمد صاحب جب معتمد مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی مقرر ہوئے تو محترم والد صاحب کو ایک عجیب سی خوشی تھی۔ اسی طرح جب میرے بڑے بھائی انعام اللہ طاہر صاحب کو لندن میں مقامی ریجن میں بطور ریجنل ناظم عمومی خدمت کا موقع ملا تو اس وقت بھی والد صاحب کو بہت خوشی اور اطمینان تھا۔ اسی طرح جلسہ سالانہ انگلستان کے موقع پر باوجود طبیعت خراب اور کمزوری کے آپ ضیافت کی ٹیم کو ملنے جاتے کہ مجھے اپنے علاقہ کے لوگوں کو خدمت کرتے دیکھ کر دلی سکون ملتا ہے۔ محترم والد صاحب ایک شفیق باپ تھے اور سارے بچوں کے ساتھ دوستانہ تعلق تھا اور ہماری ہر خواہش کا خیال رکھا کرتے تھے۔ ہمارے چھوٹے ماموں محترم محمد اسلم صاحب جو کہ بچپن سے ہی ہمارے ساتھ رہتے ہیں ان کو محترم والد صاحب نے اپنے بچوں کی طرح پالا ہے۔ اور پھر وہ بھی احمدی ہوگئے۔ ان کے ساتھ بھی بڑی بے تکلفی تھی۔ جب پاکستان میں مقیم تھے تو ان کا اصول تھا کہ اگر کہیں سفر پر جانا ہوتا تو اگر ہم میں سے کوئی بچہ ساتھ ہوتا تو اس کو پوری سیٹ کی ٹکٹ لے کر دیتے۔

محترم والد صاحب کی وفات پر لندن میں احباب جماعت کی کثیر تعداد گھر میں تشریف لا کر اور ٹیلی فون کے ذریعہ ہمارے ساتھ ہمارے غم میں برابر کے شریک ہوئے ہمیں حوصلہ دیا۔ ہم سب احباب جماعت کے شکرگزار ہیں اللہ تعالیٰ سب کو اس کی بہترین جزا عطا فرمائے اسی طرح اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ محض اپنے فضل سے محترم والد صاحب سے مغفرت کا سلوک فرماتے ہوئے انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

ص۔ حسن

میرے والد مکرم مظفر حسن صاحب کا ذکر خیر

میرے پیارے ابا جان مظفر حسن صاحب 31 جنوری 2007ء کو علی الصبح بغیر کسی بیماری کے اچانک ہی ہم سے جدا ہو کر اپنے مولائے حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے۔

ابا جان کی ولادت 24 مارچ 1920ء کو سیالکوٹ کے ایک گاؤں کلاس والا میں ہوئی۔ میرے دادا محمد مقبول اس وقت چین میں کاروبار کرتے تھے لمبے عرصہ کے بعد گھر آتے اور مختصر قیام کے بعد واپس چلے جاتے۔ میرے ابا اپنے بھائی بہنوں میں دوسرے نمبر پر تھے۔ ابا جان سے بڑے بھائی منظور الحق اور چھوٹے بھائی ظفر المومن اور دس بہنیں تھیں۔

ابا جان کی پیدائش کے وقت ان کے گاؤں میں چیچک کی وبا پھیلی ہوئی تھی جس نے دادی اماں اور ابا جان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ نتیجتاً ابا جان کا ایک کان اور ایک آنکھ اس مہلک بیماری کی وجہ سے ضائع ہو گئے جس کا علم تب ہوا جب انہوں نے سکول جانا شروع کیا۔

ابا جان کی ابتدائی تعلیم گاؤں میں ہی مکمل ہوئی۔ پھر دادا جان اپنی فیملی کو چین لے گئے جہاں چند سال رہنے کے بعد وہ ہانگ کانگ منتقل ہو گئے۔ اس طرح ابا جان نے میٹرک تک تعلیم ہانگ کانگ میں حاصل کی۔ دادا جان پھر مستقل طور پر سیالکوٹ میں رہائش پذیر ہوئے اور ابا جان نے مرے کالج سے اعلیٰ نمبروں سے ایف ایس سی کیا اور پھر انجینئرنگ کی تعلیم کے لئے دہلی چلے گئے۔

یہاں یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ میرے پڑدادا حضرت حاجی عبدالعظیم نے حضرت مسیح موعود کی پہلی دفعہ زیارت کی اور ان کی شخصیت سے متاثر ہو کر اسی وقت بیعت کی اور رفیق ہونے کا شرف حاصل کیا۔ لیکن ان کی اولاد میں سے کوئی بھی احمدی نہ ہوا جس کا انہیں شدید دکھ تھا اور وہ دن رات ان کی نیک ہدایت کے لئے خدا تعالیٰ کے حضور گریہ وزاری کرتے تھے۔ میرے ابا جان جب دہلی پڑھنے گئے تو کچھ دوستوں کے ساتھ مل کر ایک کرائے کے مکان میں رہائش پذیر ہوئے۔ ان کی خوش قسمتی تھی کہ وہ دوست سب احمدی تھے۔ جن کی دعوت الی اللہ سے ابا جان احمدیت کے قریب آئے اور 1943ء میں حضرت مصلح موعود کے ہاتھ پر بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہو گئے اس طرح میرے پڑدادا کی دعائیں رنگ لائیں اور ان کا پوتا احمدیت کی آغوش میں آ گیا۔

یہاں ان دوستوں کا ذکر بھی ضروری ہے جن کی دعوت الی اللہ سے ابا جان احمدی ہوئے۔ ان میں محترم چوہدری ظہور احمد صاحب باجوہ مربی انگلستان، محترم شیخ مبارک احمد صاحب مربی امریکہ، محترم نسیم سیفی صاحب ایڈیٹر الفضل اور محترم نذیر احمد بھٹی صاحب صدر حلقہ شمالی چھاؤنی لاہور تھے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کے بھی درجات بلند فرمائے اور ان سب کی نیک صفات ہم سب کو اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ابا جان کی بیعت کے بعد ان کے والدین سخت ناراض ہوئے اور ان سے قطع تعلق کر کے تعلیمی خرچہ بند کر دیا۔ ابا جان نے قرض حسنہ کے لئے کافی کوشش کی تا تعلیم مکمل ہو سکے لیکن بدقسمتی سے کسی سے بھی مدد نہ مل سکی اور مجبوراً انہیں انجینئرنگ کے دوسرے یا تیسرے سال سے تعلیم ادھوری چھوڑ کر ملازمت کرنا پڑی۔ ان حالات میں بھی انہیں والدین کا اس قدر خیال رہا کہ اپنی تنخواہ کا نصف والدہ کو بھیجنا شروع کر دیا۔

ابا جان کے دادا جان کی کوشش سے ابا جان کا رشتہ ان کے رشتہ کے چچا مکرم عبداللہ صاحب جو برما میں اوورسیئر تھے، کی بیٹی امۃ اللہ سے طے پایا اور 1946ء میں دونوں کی شادی ہو گئی۔ پاکستان بننے کے بعد ابا اور امی کراچی منتقل ہو گئے کیونکہ ابا جان کا نیول ہیڈ کوارٹر کے ایڈمنسٹریٹو سیکشن میں تبادلہ ہوا تھا۔ اس دفتر میں دس گیارہ سال کام کیا اور رشوت نہ لینے کی یہ سزا ملی کہ ترقی نہ ہو سکی۔ آخر دل برداشتہ ہو کر ابا جان نے یہ ملازمت 1958ء میں چھوڑ دی اور کویت چلے گئے۔ وہاں ایک نجی تجارتی کمپنی میں ملازمت حاصل کی۔ ابا جان تقریباً چالیس سال وہاں رہے اور امی ہم بچوں کو لے کر اچھی تعلیم و تربیت کے لئے ربوہ میں رہائش پذیر ہوئیں۔

ایک لمبا عرصہ الگ الگ رہتے ہوئے دونوں نے اپنی ذمہ داریاں بڑی ہمت، صبر اور حوصلے سے باحسن ادا کیں۔

ابا جان نے حقوق اللہ اور حقوق العباد پوری جانفشانی اور توجہ سے ادا کئے۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو ان کا تعلق تھا وہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ ہم نے انہیں عبادات کا حق ادا کرتے ہوئے دیکھا۔ باجماعت نماز کا خاص خیال رکھتے۔ ملازمت کے دوران اکثر، دوروں پر دوسرے ممالک جانا پڑتا لیکن نماز کے لئے ہر کام چھوڑ کر وقت پر نماز ادا کرتے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد لاہور چھاؤنی اپنے گھر آ گئے تو پانچوں نمازیں بیت الذکر میں ادا کرنے جاتے۔ بیت الذکر قریب ہونے کا فائدہ اٹھاتے اور پیدل سیر کرتے ہوئے جاتے۔

تہجد کا بھی التزام کرتے اور لمبے لمبے سجدوں والے نوافل ادا کرتے۔ ہر ایک کے لئے نام بنام دعائیں کرتے۔ قرآن پاک کی باقاعدہ تلاوت اور تفسیر آخری لمحے تک جاری رہی۔ آخری دن تو کئی گھنٹے تلاوت میں ہی گزارے۔

میں نے جب سے ہوش سنبھالا انہیں رمضان کے ساتھ شوال کے چھ روزے بھی رکھتے دیکھا تھا۔ رمضان میں عبادات کا خاص اہتمام کرتے اور صدقہ و خیرات بھی بکثرت کرتے۔

ہر طرح کے چندے سال کے شروع میں ہی ادا کر دیتے۔ کویت میں لمبا عرصہ سیکرٹری مال کے فرائض انجام دیئے اور ہر ماہ سب سے پہلی رسید اپنے چندوں کی کاٹتے۔ خلفاء وقت کی ہر مالی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور ادائیگی میں بھی جلدی کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے حج اور عمرہ کی بھی توفیق عطا فرمائی۔ اپنے خاندان میں اکیلے احمدی تھے اور مخالفت کے باوجود سلسلہ سے مضبوطی سے منسلک رہے۔

حقوق العباد میں بھی ابا جان کا مثالی نمونہ تھا۔ اپنے والد اور بہنوں اور بھائیوں کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ عقیدہ میں فرق ہونے کے باوجود بیٹا اور بھائی ہونے کا فرض باحسن ادا کیا۔ والدین کو حج کروایا۔ بہنوں کی شادیاں کیں اور آخری دم تک فرائض ادا کرتے رہے۔

بے انتہا محبت کرنے والے وفا شعار شوہر تھے۔ امی اور ابا جان کا پیار سارے خاندان میں مثالی تھا۔ بیوی کے تمام تر حقوق خوش دلی سے ادا کرتے تھے۔ امی کی ہر خواہش کو پورا کرنا اپنا فرض سمجھتے تھے۔ امی کو سیر و سیاحت اور قدرتی مناظر دیکھنے کا بہت شوق تھا جو ابا جان نے خوب پورا کیا اور تقریباً ساری دنیا ہی دکھا دی۔ امی کے لئے National geographic megazine ماہانہ لگوا رکھا تھا جو امی بہت شوق سے پڑھتی تھیں۔ گھر کے کام کاج میں ابا جان ذاتی دلچسپی لیتے اور ہر کام میں امی کا مشورہ ضرور لیتے تھے۔ اولاد سے ٹوٹ کر پیار کیا اور ہم سے دور رہتے ہوئے بھی ہماری تعلیم و تربیت کا خیال رکھا۔ ہر ضرورت وقت پر پوری کی۔ ہر بچے سے فرداً فرداً خط و کتابت تھی، ہر ایک سے تعلیمی ریکارڈ پوچھتے اور آئندہ کے لئے ہدایات دیتے۔ سال میں ایک ماہ کے لئے گھر آتے تو ذاتی دلچسپی لے کر ہمیں پڑھاتے۔ ابا جان کی انگریزی بہت اچھی تھی جس سے ہم سب بچوں نے فائدہ اٹھایا۔ ہمیں بہترین کھلونے اور معلوماتی رسائل منگوا کر دیتے۔ ہر بچے کو میٹرک میں اچھے نمبروں میں پاس ہونے پر بہترین پین کا تحفہ دیا۔ سب بچوں کو بہترین تعلیم دلوائی۔ 1974ء میں لاہور چھاؤنی میں گھر بنوایا اور ساتھ ہی نئی گاڑی بھی منگوا کر دی۔

ابا جان کی شخصیت بہت پُر اثر تھی۔ جو ایک دفعہ ملتا، ان کا گرویدہ ہو جاتا اور ہمیشہ یاد رکھتا۔ ہر ایک سے پُرخلوص محبت کرنے والے اور بے غرض کام آنے والے تھے۔ تمام دور اور نزدیک کے رشتہ داروں سے خط و کتابت تھی ہر ایک کی خیر و خبر رکھتے اور جب ضرورت ہوتی بغیر بتائے خاموشی سے مالی مدد بھی کرتے رہتے۔ ہر موقع اور تہوار پر ملنے جاتے اور کبھی خالی ہاتھ نہ جاتے۔ کبھی کسی رشتہ دار کی طرف سے زیادتی ہوتی تو کبھی ناراضگی کا اظہار نہ کرتے۔ بلکہ ایسا رویہ ہوتا کہ کچھ ہوا ہی نہیں۔ بشاشت اور خوش دلی کا مظاہرہ ہوتا کہ ہم حیران رہ جاتے۔ اس قدر بلند حوصلہ اور قوت برداشت تھی جو بہت کم دیکھنے کو ملتی ہے۔

دوستوں کے ساتھ انتہائی محبت اور خلوص کا تعلق تھا۔ خط و کتابت کے علاوہ جب بھی موقع ملتا گھروں میں ملنے جاتے۔ پرانے دوستوں سے تو مثالی محبت تھی۔ مکرم چودھری ظہور احمد صاحب باجوہ، مکرم نذیر احمد بھٹی صاحب، مکرم کرنل شریف احمد صاحب، مکرم عبدالمنان ناہید صاحب، مکرم عطاء اللہ کھوکھر صاحب قابل ذکر ہیں۔ ان سب کا اکثر ذکر کرتے اور پرانی یادوں سے محظوظ ہوتے۔ غیر ملکی دوستوں سے بھی آخری وقت تک رابطہ رہا۔

ابا جان بہت دعا گو تھے۔ سب رشتہ دار دوست احباب انہیں خاص طور پر دعا کے لئے کہتے دعا کروانے والا بھول جاتا لیکن ابا جان تہجد میں باقاعدہ ان کے لئے دعا جاری رکھتے۔ کسی کی تکلیف دیکھتے تو بے چین ہو جاتے اور جب تک اس کی تکلیف دور نہ ہوتی مسلسل دعا کرتے۔

غربا کا بہت خیال رکھتے۔ ان کی ضرورت پر نظر رکھتے اور کسی موقع پر وہ ضرورت پوری کر دیتے۔ عید کے موقع پر غرباء کے گھروں میں جاتے اور تحائف اور عیدی دیتے۔

ہمسایہ سے میل ملاقات رکھتے خاص طور پر عید کے روز نماز کے فوراً بعد تمام ہمسایہ گھروں میں عید مبارک کہنے جاتے۔ ہر رمضان میں سب ہمسایوں کو افطاری بھجوانے کے لئے کہتے۔

جماعت کے ساتھ گہری وابستگی اور سلسلہ کے کاموں میں پیش پیش رہتے۔ کویت میں چالیس سال تک سیکرٹری مال کے فرائض انجام دیئے۔ لاہور آنے کے بعد حلقہ جنوبی چھاؤنی کے گیسٹ ہاؤس کا تمام حساب کتاب ایک عرصہ تک سنبھالا۔

1966ء میں وصیت کی اور تمام ادائیگی مکمل کر کے سرٹیفکیٹ اپنی زندگی میں ہی حاصل کر لیا تھا۔

ابا جان بہت مہمان نواز اور خاطر مدارات کرنے والے تھے۔ گھر میں کوئی مہمان آتا چاہے کسی بھی حیثیت کا ہوتا، آگے بڑھ کر گلے لگاتے، حال احوال پوچھتے اور صحت و سلامتی کی دعا دیتے۔ مہمانوں کی تواضع کے لئے خود اٹھ کر اشیائے خورونوش لاتے اور پیش کرتے۔ جب تک مہمان بیٹھتے، ان کے ساتھ بیٹھے رہتے چاہے ان کی باتیں سمجھ میں آئیں یا نہ آئیں۔ دونوں کانوں کی سماعت سے محروم تھے۔ ایک کان میں آلۂ سماعت استعمال کرتے تھے۔ جو آخری وقت میں زیادہ فائدہ نہ دیتا تھا۔ اس کے باوجود مہمان کے ساتھ بیٹھے رہتے۔

امانت اور دیانت کا یہ عالم تھا کہ غیر ملکی کاروباری کمپنی میں ملازمت کے دوران کمپنی کا سارا حساب کتاب ان کے ہاتھ میں تھا۔ کمپنی کے مالک کو ابا جان

پر اس قدر اعتماد تھا کہ لاکھوں ڈالر کا کام ابا جان کے حوالے کر دیتے تھے۔

اپنے بچوں کے علاوہ ملک سے باہر رہائش پذیر رشتہ داروں کے بینکوں کے حساب کتاب بھی سنبھالے ہوئے تھے۔ ہر ایک کی فائل مکمل ہوتی سب نے پورے اعتماد کے ساتھ اپنی دستخط شدہ چیک بکس ان کے حوالے کی ہوئی تھیں۔ ایک ایک پیسے کا حساب خود بھی رکھتے اور متعلقہ افراد کو اس کی کاپی بھجوا دیتے۔

انتظامی صلاحیت بھی بھرپور تھی۔ غیر ملکی کمپنیوں میں کام کرتے ہوئے یہ صلاحیت اور بھی نکھر گئی۔ ہر چیز اپنی جگہ اور ترتیب سے ہوتی۔ ہر فائل مکمل اور واضح ہوتی۔ ابا جان کے دیانت کے معیار اور انتظامی صلاحیت کے معیار سے غیر ملکی تجارتی کمپنیوں کے مالک بہت متاثر تھے اور ان کا تعلق دوستی کا ہو گیا جو آخری وقت تک قائم رہا۔

اپنا کام خود کرنے کے عادی تھے۔ پہلے تو ملازمت کے دوران لمبا عرصہ اکیلے رہتے رہے اور تمام کام خود کرتے تھے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی اسی عادت کو اپنائے رکھا۔ کبھی ملازمین یا بچوں سے کسی کام کے لئے نہیں کہا۔ آخری وقت تک اپنے کام خود کرتے رہے۔

گیارہ سال پہلے میری والدہ کی وفات ہوئی تھی۔ ابا جان نے بڑے صبر اور حوصلہ سے اس صدمہ کو برداشت کیا اور بچوں کو بھی صبر کی تلقین کی۔

ابا جان کی قوت برداشت بلند ترین سطح پر بھی اپنی کسی تکلیف یا بیماری کا احساس دوسروں کو نہ ہونے دیتے۔ 1997ء میں دل کا بائی پاس ہوا لیکن کسی قسم کی تکلیف یا پریشانی کا اظہار نہ کیا۔ اپنی صحت کا خیال رکھتے تھے۔ شہد اور پھلوں کا جوس ہمیشہ استعمال کرتے لیکن ذیابیطس ہو جانے کے بعد سختی سے پرہیز کی اور ڈاکٹر کی ہدایات پر باقاعدہ عمل کرتے رہے۔

شگفتہ مزاجی اور مزاح، ابا جان کی شخصیت کا اہم پہلو تھا۔ ہر بات کو بڑی شگفتگی سے کرتے۔ اپنی پُر مزاح طبیعت سے محفلوں میں جان ڈال دیتے موقع کی مناسبت سے کوئی نہ کوئی چٹکلہ یا لطیفہ ضرور سناتے۔

ادب اور شاعری سے بھی لگاؤ تھا۔ خود بھی شعر کہتے تھے اور دوسروں سے بھی سن کر محظوظ ہوتے۔ محترم عبدالمنان ناہید سے آخری دنوں تک دوستانہ رہا اور ان کا شعری مجموعہ چند روز پہلے ہی ختم کیا تھا۔

میرے پیارے ابا جان محبت، خلوص، وفا، دعا اور عجز و انکساری کا مجموعہ تھے۔ ہمیشہ خدا تعالیٰ سے انجام بخیر کی دعا مانگتے۔ اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ اس نے ابا جان کا انجام بخیر کیا۔ آمین

قارئین کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے ابا جان اور امی جان کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ہمیں ان کی نیک صفات کو اپنانے کی توفیق عطا فرمائے اور والدین کی کمی کو صبر سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆

مکرم نعمان احمد صاحب

رحیم یار خان کا تعارف

رحیم یار خان پاکستان میں صوبہ پنجاب کے جنوب میں واقع ہے۔ اس شہر کا پرانا نام نوشہرہ تھا۔ 1750ء میں فضل الٰہی حلانی نے سندھ میں سومرہ کے دور حکومت کے دوران اس شہر کی نوشہرہ کے نام سے بنیاد رکھی۔

بعد ازاں 1883ء میں نواب صادق خان جو بہاولپور ریاست کا چوتھا بادشاہ تھا اس نے اس شہر کا نام نوشہرہ سے تبدیل کر کے اپنے مرحوم بیٹے رحیم یار خان کے نام پر رکھ دیا۔ نوشہرہ سے اس شہر کا نام رحیم یار خان ہونے کا ایک یہ بھی فائدہ ہو گیا کہ پاکستان میں ایک نوشہرہ شہر اور بھی ہے اور اگر نام تبدیل نہ ہوتا تو عوام کو نام سمجھنے میں دشواری پیش آ سکتی تھی۔

رحیم یار خان شہر کی آبادی

1988ء کی مردم شماری کے مطابق رحیم یار خان کی آبادی 2 لاکھ 33 ہزار 537 تھی اور جنوری 2007ء تک اس کی آبادی تقریباً 3 لاکھ 30 ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔

رحیم یار خان ضلع کی آبادی

رحیم یار خان ضلع کی 1988ء کی مردم شماری کے مطابق 31 لاکھ 41 ہزار 53 آبادی تھی۔

رحیم یار خان کا محل وقوع

رحیم یار خان شہر 1000 ایکڑ پر محیط ہے۔ رحیم یار خان ضلع کا رقبہ تقریباً 4394 مربع میل ہے۔ اور اس ضلع کی چار تحصیلیں ہیں۔ جن میں خانپور، صادق آباد، لیاقت پور اور رحیم یار خان شامل ہیں۔ اس کے شمال میں ضلع ڈیرہ غازی خان، مغرب میں ضلع جیکب آباد اور سکھر اور مشرق میں بہاولپور اور جنوب میں بھارت کا علاقہ ہے۔

رحیم یار خان بہاول پور سے 110 میل کی دوری پر مین لائن پر واقع ہے۔ کراچی سے اس کا فاصلہ 396 میل اور لاہور سے 354 میل ہے۔ اس ضلع میں دریائے چناب اور سندھ بہتے ہیں۔

موسم

رحیم یار خان موسم کے لحاظ سے بھی بہت خوشگوار ہے۔ کیونکہ یہاں گرمیوں میں زیادہ سخت گرمی نہیں پڑتی بلکہ موسم عموماً خوشگوار رہتا ہے۔ لیکن سردیوں میں سخت سردی ہوتی ہے درجہ حرارت عموماً 112 درجے فارن ہائیٹ ہوتا ہے۔ گرمیوں میں راتیں خوشگوار ہوتی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ گرد و غبار بھی اُڑنے لگتا ہے۔ یہاں پر بارش کی سالانہ اوسط 9 تا 10 انچ ہے۔ یہاں پر گرمیوں کا موسم قدرے لمبا ہوتا ہے جو اپریل تا اکتوبر چلتا ہے اور سردیوں کا موسم نومبر تا مارچ چلتا ہے۔

رحیم یار خان کے چند مشہور مقامات

رحیم یار خان اپنے قدیم اور جدید مقامات کے لحاظ سے بھی ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ یہاں پر بہت سے قدیم مقامات پائے جاتے ہیں۔ پتن منارہ یہاں کا قدیم ترین مقام ہے۔ اور UAE کے سابقہ صدر شیخ زید کا محل جدید ترین طرز تعمیر کا ایک عالی شان نمونہ ہے۔ بگھالہ، چکی والا، خیر گڑھ اور اسلام گڑھ کے قلعوں کے کھنڈرات اس کی عظیم وراثت کا پتہ دیتے ہیں۔

رحیم یار خان میں شیخ زید انٹرنیشنل ایئرپورٹ بھی ہے۔ یہاں سے اندرونِ ملک ہر دن 8 فلائٹس اور UAE کے لئے دن میں ایک فلائٹ روانہ ہوتی ہے۔

رحیم یار خان کی مشہور اور اہم سڑکوں میں شاہی روڈ، ریلوے روڈ، کالونی روڈ، الحکم روڈ اور ہسپتال روڈ شامل ہیں۔

محمود سٹیڈیم اس ضلع کا مشہور سٹیڈیم ہے۔ یہاں پر 15 ہزار لوگوں کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔ یہاں پر صوبائی اور ڈسٹرکٹ درجہ کے میچز کھیلے جاتے ہیں۔ جن میں کرکٹ، فٹ بال اور ہاکی شامل ہیں۔ بلدیہ کی عمارت کے پیچھے زنانہ باغ ہے اور یہاں ایک مستقل نمائش گاہ بھی ہے۔ اس نمائش گاہ میں سو سے زیادہ دکانیں اور ایک عوامی پارک ہے۔

اس شہر میں ملک کے دفاع کے لئے 2 فوجی چھاؤنیاں اور کئی پولیس سٹیشنز ہیں۔

صنعتی اعتبار سے اس شہر کی اہمیت

صنعتی اعتبار سے اس شہر کو ایک منفرد مقام حاصل ہے۔ رحیم یار خان کی صنعت بھی پاکستان کی صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

یہاں پر عباسی ٹیکسٹائل ملز کپڑے کی مشہور مل ہے۔ اس میں 500 سے زائد کرگھے لگے ہوئے ہیں۔ لیور برادرز کے کارخانے جو اس شہر کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں مختلف قسموں کے صابن، ڈالڈا گھی اور گلیسرین تیار کرنے کے کارخانے ہیں۔ میسرز اقبال انڈسٹری میں بھی بناسپتی تیار ہوتا ہے۔ فردوس وجیٹیبل آئل ملز میں روزانہ تقریباً 1000 من گھی تیار ہوتا ہے۔ یہاں پر چھوٹی چھوٹی فیکٹریاں بے شمار ہیں جن میں کاٹن جننگ فیکٹریاں بھی شامل ہیں۔

یہاں پر وہی کارخانے لگائے گئے ہیں جن کا خام مال یہاں سے آسانی سے مل سکتا ہے اس کے علاوہ یہاں پر چینی تیار کرنے اور کپڑا تیار کرنے کے بھی کارخانے موجود ہیں۔ یہاں کپاس بیلنے اور تیل نکالنے کے 4 درجن کارخانے اور ادویہ سازی کے 2 کارخانے ہیں۔

رحیم یار خان کی زراعت

رحیم یار خان شہر و ضلع کی اقتصادیات کا دار و مدار زراعت پر ہے۔

رحیم یار خان میں زیادہ خوراک اگاؤ سکیم کے تحت 3 زراعتی انسٹیٹیوٹ قائم ہیں۔ جو یہاں کے رہائشیوں کے لئے بہت زیادہ مفید ہیں۔

شہر کا موسم خوشگوار اور زمین زرخیز ہونے کی وجہ سے یہ شہر اپنی فصلوں کی وجہ سے بھی بہت جانا جاتا ہے۔ اس شہر کی زمین کی آبپاشی کے لئے پنجند کے مقام سے دو نہریں عباسیہ اور پنجند نکالی گئی ہیں۔ عوام کو سیلاب سے بچانے کے لئے منچن بند تعمیر کیا گیا ہے۔ اس بند کی لمبائی 60 میل ہے۔

رحیم یار خان کے اہم پھلوں میں آم، کیلا اور کھجور شامل ہیں۔ یہاں کی اہم فصلوں میں گندم، کپاس اور گنا ہے۔ پنجاب بھر میں رحیم یار خان کپاس کی پیداوار کے لحاظ سے تیسرے نمبر پر ہے۔

☆......☆......☆

نستعلیق کتابت کے لئے کمپیوٹر کی تحریک

